| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: ایجادات

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جان سکیں کہ ایجاد کیا ہوتی ہے؟
- موجودہ دُور کی اہم ایجادات (مثلاً ہوائی جہاز، کمپیوٹر اور انٹرنیٹ وغیرہ) کو پہچان سکیں۔
- وہ تجزیہ کر سکیں کہ حالیہ ایجادات کمپیوٹر، ٹیلی وژن اور انٹرنیٹ نے انسانی زندگی کو کس طرح بدلا ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مار کر۔ واقفیت عامہ کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''ایجادات'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- آپ اپنے گھروں میں روشنی کے لیے کیا جلاتے ہیں؟
- کپڑے دھونے کے لیے کیا استعمال کرتے ہیں؟
- کھانا کس پر گرم کرتے ہیں؟

سب طلبہ کو باری باری بولنے کا موقع دیں۔ ان کی بات توجہ سے سنیں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 80 سے متن پڑھوائیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔ اہم الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو مختصراً بتائیں کہ انسان نئی نئی چیزیں یا آلات کیوں ایجاد کرتا ہے۔ انھیں ایجادات کی اہمیت سے آگاہ کریں۔
- انھیں دورِ جدید کی چند ایجادات اور ان کے موجد کے بارے میں بھی بتائیں۔

- سبق میں ''کیا آپ جانتے ہیں'' کے عنوان کے تحت دیے گئے جملے پڑھیں اور ان کی وضاحت کریں۔
- انھیں ''ایجاد''اور ''موجد''کا مطلب بتائیں۔ طلبہ سے چند گذشتہ ایجادات اور موجد کے بارے میں سوالات کریں اور ان کو موقع دیں کہ وہ اس کا جواب دیں۔
- طلبہ کو موجد کی خوبیاں بتائیں۔
- ان سے پوچھیں کہ آپ کے نزدیک آج تک ہونے والی ایجادات میں سے، سب سے اہم کون سی ایجاد ہے اور کیوں۔ اور یہ ایجاد نہ ہوتی تو ہماری زندگی کس طرح کی ہوتی۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز دکھاتے ہوئے پوچھیں کہ جدید اشیا میں سے کن کن چیزوں کا استعمال آپ کے گھر میں ہوتا ہے اور کس کام کے لیے ؟
- طلبہ کو جواب دینے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- متن کی مدد سے طلبہ کو بتائیں کہ جدید دور کی اہم ایجادات کا مشاہدہ کیا جائے تو بہت سے آلات اور مشینیں گھروں میں روزمرہ کاموں کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔ طلبہ کو بجلی کے چند فوائد بتائیں انھیں بتائیں کہ ہمارے گھروں میں استعمال ہونے والی بیشتر اشیا بجلی کی مدد سے چلتی ہیں۔ انھیں بتائیں کہ ہم صفائی کرنے، کپڑے دھونے، کھانا گرم کرنے، ملک شیک تیار کرنے، ہوا اور روشنی حاصل کرنے، دوسروں سے بات کرنے، دوسروں سے رابطہ کرنے کے لیے کن کن اشیا کا استعمال کرتے ہیں۔
- طلبہ کو چند مسلم سائنس دانوں/موجدوں کے نام بتائیں اور انھیں دوبارہ دہرانے کو کہیں جیسا کہ جابر بن حیان (کیمیا دان)، الخوارزمی (علم نجوم، ریاضی، فلکیات اور جغرافیہ) ابوالقاسم الزہراوی (جدید آپریشن کے اوزار کے موجد)، عمر خیام (علم نجوم اور ریاضی دان) وغیرہ۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5 منٹ**

| معانی | پڑھانے کا طریقہ | الفاظ |
|---|---|---|
| ایجاد کرنے والا | مو۔جد | موجد |
| تیر کا چلنا | تیر کمان سے نکلنا | تیر کمان سے نکلنا |
| تازہ بتازہ/نیا بنا ہوا | نِ۔ت۔ن۔ئے | نِت نئے |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے زبانی سوالات پوچھیں کہ:

ایجاد سے کیا مراد ہے؟

چند جدید ایجادات کے نام بتائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

آپ موبائل فون کو تعلیمی مقاصد کے لیے کس طرح استعمال کرتے ہیں؟ چارٹ پر لکھیں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

**سبق کا نام: ایجادات**

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جان سکیں کہ ایجاد کیا ہوتی ہے؟
- موجودہ دُور کی اہم ایجادات (مثلاً ہوائی جہاز، کمپیوٹر اور انٹرنیٹ وغیرہ) کو پہچان سکیں۔
- وہ تجزیہ کر سکیں کہ حالیہ ایجادات کمپیوٹر، ٹیلی وژن اور انٹرنیٹ نے انسانی زندگی کو کس طرح بدلا ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''ایجادات'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- اپنی پسندیدہ ایجادات کے بارے میں بتائیں۔

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 80 سے طلبہ کو متن کی دہرائی کروائیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز کی مدد سے رائٹ برادران کی تصاویر دکھائیں۔ انھیں بتائیں کہ ''رائٹ برادران'' دو امریکی بھائی تھے۔ جن میں بڑے کا نام ''ولبر رائٹ'' اور چھوٹے کا ''اورولرائٹ'' تھا۔ انھیں بتائیں کہ دونوں بھائی پہلے سائیکلوں کا کاروبار کرتے تھے بعد ازاں انھوں نے ایک ہوائی جہاز بنایا اور اس پر اڑان کے مختلف تجربات کرتے ہوئے کامیابی حاصل کی۔ یوں ان دو بھائیوں نے پہلا ہوائی جہاز 1903ء میں اڑایا۔

- طلبہ سے پوچھیں کہ آپ کے نزدیک آج تک ہونے والی ایجادات میں سے، سب سے اہم کون سی ایجاد ہے اور کیوں۔اور یہ ایجاد نہ ہوتی تو ہماری زندگی کس طرح کی ہوتی۔ طلبہ کو مثال کے طور پر بتائیں کہ وہ تصور کریں کہ آج کے دور میں برقی بلب نہ ہوتا یا بجلی نہ ہوتی تو ہماری زندگی میں اتنی ترقی اور خوشحالی نہ ہوتی۔ ہم رات اندھیرے میں گزارتے اور گرمی میں ٹھنڈی ہوائیں نہ لے پاتے۔
- انھیں کارڈز میں دیے ہوئے سب سے پہلے بلب کی تصویر دکھائیں اور بتائیں کہ پہلا تھامس انڈیسن نے ایجاد کیا۔ طلبہ کو متن کی مدد سے بجلی اور برقی بلب کے بارے میں بتائیں۔انھیں سوچنے کا موقع دیں کہ اگر بجلی یا برقی بلب کی ایجاد نہ ہوئی ہوتی تو آج ہماری زندگی کیسی ہوتی؟ طلبہ سے اس کا جواب پوچھیں۔انھیں باری باری بولنے کا موقع دیں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ بجلی کا بے جا استعمال نہ کریں اور اپنے ارد گرد موجود لوگوں کو بھی بجلی کے بچاؤ کی آگاہی دیں۔

**اعادہ:** 2منٹ

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** 6منٹ

بچوں سے زبانی سوالات پوچھیں۔

اگر بجلی یا برقی بلب کی ایجاد نہ ہوئی ہوتی تو آج ہماری زندگی کیسی ہوتی؟

بجلی کے چند فوائد بتائیں۔

ہوائی جہاز کس موجد کی ایجاد ہے؟

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

چند طلبہ کو جماعت کے سامنے آنے کی دعوت دیں انھیں کہیں چند ایجادات کے بارے میں اپنے جماعت ساتھیوں کو معلومات فراہم کریں۔ طلبہ کو ایجاد کے بارے میں معلومات پیش کرنے میں مدد اور حوصلہ افزائی فراہم کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: ایجادات |
|---|---|---|

دی ہوئی تصاویر کو غور سے دیکھیں اور ان ایجادات پر ☑ کا نشان لگائیں جو آپ کے گھر میں استعمال ہوتی ہیں۔

چند جملوں میں لکھیں کہ آپ ان سے کیا کام لیتے ہیں۔



| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: سوم | تیسری سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 6 | اُستاد کا نام: ______ |

سبق کا نام: ایجادات

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- تجزیہ کر سکیں کہ حالیہ ایجادات کمپیوٹر، ٹیلی وژن اور انٹرنیٹ نے انسانی زندگی کو کس طرح بدلا ہے؟

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیت عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "ایجادات" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- کمپیوٹر کی ہماری زندگی میں کیا اہمیت ہے؟
- طلبہ کی پسندیدہ ایجاد کونسی ہے؟ اور کیوں؟

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 81-82 متن طلبہ سے پڑھوائیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ علم الادویہ یادواشناسی جسے انگریزی میں (Pharmacology) کہتے ہیں۔ یہ ایک ایسا علم جس میں ادویات اور ان کے اثرات کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ادویات کی شناخت، طبیعت، مزاج، اثرات اور ان کی درجہ بندی کے بارے میں جانا جاتا ہے۔ انھیں بتائیں کہ شعبہ طب اور ادوایات میں بھی وقت کے ساتھ ساتھ بہت ترقی ہو رہی ہے۔ نت نئی مشینیں، آلات اور ادوایات کی ایجاد سے بہت سی خطر ناک بیماریوں پر قابو ممکن ہوا ہے۔
- سبق میں "آیئے! مزید جانیں" کے عنوان کے تحت دیئے گئے جملے پڑھیں اور ان کی وضاحت کریں۔

- طلبہ کو متن کی مدد سے انٹرنیٹ کے بارے میں بتائیں کہ یہ موجودہ دور میں کس قدر فائدہ مند ایجاد ثابت ہوئی۔ انھیں صفحہ نمبر 81 پر دی گئی کمپیوٹر اور باقی نیٹ ورک کی تصویر دکھائیں اور بتائیں کہ آج کے جدید دور میں کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کا استعمال بہت اہم ہے۔ انھیں انٹرنیٹ کی تاریخ بتائیں کہ ''یورپین ہائی انرجی فزکس لیبریٹری'' نے ایک ایسے سافٹ ویر کو فروغ دیا جس کی مدد سے کسی بھی طرح کی معلومات کو انٹرنیٹ پر تلاش کیا جاسکتا ہے اور اس کا نام ''ورلڈ وائڈ ویب'' رکھا گیا۔ اس ویب یعنی جال نے پوری دنیا کو اپنے دائرے میں لے لیا۔ 1990 میں ہی انٹرنیٹ عوام کے پاس آگیا اور اس کے ساتھ ہی دنیا ایک گلوبل ویلج (Global village) کی شکل اختیار کرگئی۔ انھیں بتائیں کہ موجودہ زمانے کی یہ سب سے اہم ایجاد ہے جس کا وجود انسان کی مزید ترقی اور معلومات کی فراہمی کے لیے ناگزیر ہے۔ طلبہ کو انٹرنیٹ کے چند فوائد اور نقصانات کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز دکھائیں اور دیے ہوئے متن کی مدد سے طلبہ کو بتائیں کہ لوگ ماضی میں بات چیت اور رابطے کے لیے ایک دوسرے کو خط لکھتے تھے۔ جو بہت دیر سے ایک دوسرے تک پہنچتے تھے اور وقت کے ساتھ ساتھ آج ہم جدید ذرائع ابلاغ جیسے کہ موبائل فون، ای میل وغیرہ کا استعمال کررہے ہیں۔
- طلبہ کو ٹیلی فون کی تصویر دکھائیں اور بتائیں کہ اس کا موجد ''گراہم بیل'' ہے۔ انھیں موبائل فون کی اہمیت بتائیں اور اس کا ٹیلی فون کے ساتھ تقابلی جائزہ بھی دیں۔ انھیں بتائیں کہ دورِ جدید میں موبائل فون کا استعمال بہت تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ انھیں اس کے فوائد کے بارے میں بتائیں۔ جیسا کہ یہ ہمیں اپنے رشتے داروں اور دوستوں کے ساتھ رابطے میں رکھتا ہے۔ موبائل فون کے ذریعے سے ہم پوری دنیا کے حالات سے باخبر رہ سکتے ہیں۔ اس کے ذریعے دنیا کے کسی حصہ میں لوگوں سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ ایک دوسرے کی آواز بھی سنی جاسکتی ہے اور تحریری پیغام بھی بھیجے جاسکتے ہیں۔ موبائل فون کے ذریعے سے بچے اپنی پڑھائی میں مدد حاصل کرسکتے ہیں۔ انھیں بتائیں کہ موبائل فون ہماری زندگی میں بہت اہم کردار ادا کرتا ہے۔ موبائل فون ایک تفریح کا بھی بہت اچھا ذریعہ ہے۔ اس سے دفتروں میں کام کرنے والے لوگ بھی اپنے معاملات میں آسانیاں پیدا کرتے ہیں۔ ویڈیو گیمز کھیلی جاسکتی ہیں اور کیمرے کا استعمال کرکے تصاویر اور ویڈیو بنائی جاسکتا ہے۔
- بعدازاں یہ معلومات اپنے ہم جماعت ساتھیوں کے ساتھ تبادلہ خیال کریں کہ یہ ایجادات لوگوں کی زندگی کو کس طرح تبدیل کرسکتی ہیں۔ پھر اس کے بارے میں ایک رپورٹ تیار کرکے اپنے ساتھیوں کو جدید ایجادات کے بارے میں آگاہ کریں۔

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق جزو(ا) کا سوال (۳) اور (۴) طلبہ سے کاپی پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

اس سرگرمی کو کروانے کے لیے بچوں کو چار سے پانچ گروہوں کی صورت میں کمپیوٹر لیب لے جائیں۔ انھیں انٹرنیٹ کی مدد سے مستقبل کی اہم ایجادات جیسے روبوٹ، اسمارٹ فون، بلوٹوتھ ڈیوائس، سیٹلائٹ، تھری ڈی پرنٹر، پولیمر نوٹ، الیکٹرک کار، جی پی ایس وغیرہ کے بارے میں معلومات اکٹھی کرنے میں مدد فراہم کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ___________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: ایجادات |
|---|---|---|

سوال نمبر 1: درست جملے کے سامنے "✓" اور غلط کے سامنے "×" کا نشان لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| الف | اِیجادات نے اِنسان کی زندگی کے معیار کو بہتر بنا دیا ہے۔ | |
| ب | اِنٹرنیٹ کے ذریعے دُنیا کے کسی بھی حصّے میں مُوجود لوگوں سے صرف دِن میں رابطہ ہو سکتا ہے۔ | |
| ج | کمپیوٹر کا اِستعمال چند شعبوں میں ہی کیا جا سکتا ہے۔ | |
| د | تعلیمی مقاصد کے لیے بھی موبائل فُون اِستعمال کیا جاتا ہے۔ | |
| ہ | اِنٹرنیٹ کی وجہ سے دُنیا نے محدُود ترقّی کی ہے۔ | |

سوال نمبر 2: کالم "الف" کو مطابقت کی بنیاد پر کالم "ب" سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| اِیجادات سے | کاروباری لوگ اپنا کاروبار چلاتے ہیں۔ |
| تیر کمان اور دُوسرے ہتھیاروں سے | ایک حسابی مشین نہیں ہے۔ |
| کمپیوٹر صرف | کام میں آسانی آ گئی ہے۔ |
| موبائل فُون کی مدد سے | جانوروں کا شکار آسان ہو گیا۔ |